## 11021 ـ اس میت كا تركہ جس نے بیوي بیٹے اور بہنیں اور پوتے سوگوار چھوڑے ہیں

### سوال

میرے والد كچھ دن قبل فوت ہوئے ( میري دعاء ہے كہ اللہ تعالي ان كے گناہ معاف فرمائےاور ان پر رحم كرے ) اور اپنے پیچھےخاندان كے مندرجہ ذیل افراد چھوڑے ہیں : بیوي ، چار بیٹے ( ان میں سے تین شادي شدہ ہیں اور ان كےتین پوتے بھي ہیں ) تین بہنیں ( ان میں سے ایك شادي شدہ اور دوسري بیوہ اور تیسري بڑي عمر كي ہونےكےباوجود شادي شدہ نہیں ) والد اور والدہ .
میں نےقرآن مجید توپڑھا ہے لیكن وراثت كي شروط سمجھنے مجھے مشكل پیش آئي ہے ، میري گزارش ہےكہ تفصیل سےبیان كریں كہ اس كي املاك كي صحیح تقسیم كس طرح ہوگي ، اور اس املاك میں سے ہمیں كس تناسب سے صدقہ ( اگریہ واجب ہے ) كرنا ہوگا ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ كےلیے ضروري ہے كہ آپ اپنے قریبي شرعي عدالت سےرجوع كریں تا كہ آپ مستحق قرضے اور ایك تہائي میں میت كي وصیت ادا كرسكیں ، پھر اس كے بعد ورثاء میں وراثت كي شروط پائےجانے اور وراثت كےموانع نہ ہونے كي صورت میں املاك تقسیم كي جائےگي .

حسب شروط اور كسي مانع كےنہ ہونے اور ان ورثاء كےعلاوہ كوئي دوسرا وارث نہیں تو:

بیوي فرع وارث ہونے كي بنا پر آٹھواں حصہ لےگي .

اور لڑكے كي صورت میں میت كي فرع وارث موجود ہونے كي بنا پر باپ كوچھٹا حصہ ملےگا .

اور فرع وارث موجود ہونےكي بنا پر ماں چھٹا حصہ حاصل كرےگي .

اور باقي مال بیٹوں میں تقسیم ہوگا ( اگر وہ سب لڑكے ہیں تو وہ یہ مال آپس میں برابر تقسیم كرینگے) لیكن پوتے اور بہنوں كا وراثت میں كوئي حق نہیں اس لیے كہ وہ ( میت كي فرع وارث جوكہ بیٹے ہیں ) موجود ہونے كي بنا پر محروم ہیں .